# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

پریس ریلیز نمبر:-01-

مورخہ: 15-07-2025

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک دوسرا سالانہ 2025ء مورخہ 10-09-2025 بروز بدھ سے شروع ہوگا۔

داخلہ فیس/داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

| جماعت (پارٹ) | گروپ | سنگل فیس کے ساتھ مورخہ 25-07-2025 تا 07-08-2025 | | دوگنا فیس کے ساتھ مورخہ 08-08-2025 تا 11-08-2025 | | تین گنا فیس کے ساتھ مورخہ 12-08-2025 تا 15-08-2025 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر |
| پارٹ اول (نہم) کمپارٹمنٹ | سائنس | -/1850روپے | ---- | -/2550روپے | ---- | -/3250روپے | ---- |
| | آرٹس | -/1800روپے | ---- | -/2450روپے | ---- | -/3100روپے | ---- |
| پارٹ دوئم (دہم) | سائنس | -/3050روپے | -/3000روپے | -/3750روپے | -/3650روپے | -/4450روپے | -/4300روپے |
| | آرٹس | -/3000روپے | -/2950روپے | -/3650روپے | -/3550روپے | -/4300روپے | -/4150روپے |
| کمپوزٹ (9th + 10th) | سائنس | -/3650روپے | -/3650روپے | -/4950روپے | -/4950روپے | -/6250روپے | -/6250روپے |
| | آرٹس | -/3550روپے | -/3550روپے | -/4750روپے | -/4750روپے | -/5950روپے | -/5950روپے |

بورڈ سے الحاق شدہ وہ ادارہ جات جن کی سنگل فیس گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے معاف کی گئی ہے۔ان کے ریگولر امیدواران سے سنگل فیس کے شیڈول کے دوران درج ذیل فیس وصول کی جائے گی۔جبکہ دوگنا اور تین گنا شیڈول کے دوران درج بالا فیس وصول کی جائے گی۔

| نمبر شمار | کیٹیگری | سائنس | آرٹس |
|---|---|---|---|
| 1 | صرف دہم | -/2300روپے | -/2300روپے |
| 2 | کمپوزٹ (نہم+دہم) | -/3000روپے | -/2950روپے |

شرائط:-

1۔ جماعت نہم میں فریش (پہلی دفعہ) کوئی امیدوار ریگولر/پرائیویٹ شامل امتحان نہیں ہوسکتا۔اگر کوئی امیدوار نہم میں فیل ہے تو اس کی فیس شیڈول میں درج کردی گئی ہے اس کے مطابق فیس جمع کروانا ہوگی۔

2۔ تمام داخلہ فیسوں کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔لہٰذا داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن پرنٹ شدہ بنک چالان پر ہی داخلہ فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم شیڈول کے مطابق بورڈ دفتر میں دستی/بذریعہ ڈاک جمع کروائیں۔(بذریعہ ڈاک آخری تاریخ کو رجسٹری شدہ داخلہ فارم کو صرف سنگل فیس میں تین دن کی رعایت دی جائے گی تاخیر کی صورت میں آئندہ شیڈول کی فیس لاگو ہوگی)

3۔ داخلہ فارم بمعہ جمع شدہ فیس کی ہارڈ کاپی ہر صورت بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کو بذریعہ ڈاک یا دستی بھیجنا لازمی ہوگی۔جس تاریخ کو ہارڈ کاپی دفتر کو وصول ہوگی اسی تاریخ کا فیس شیڈول لاگو کیا جائے گا۔

4۔ بورڈ اکاؤنٹ میں جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔

CamScanner